# Maulana Azad National Urdu University
## Department of Management and Commerce
### M.Com. III Semester Examination - November/December - 2015
### PAPER 303 - Cost Accounting

### لاگت کھاتے

Time : 3 hrs — Marks : 70

866

## حصہ الف

.1 مندرجہ ذیل تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال کا جواب 50 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ — 10 X 2 =20

(a) فی اکائی لاگت (Cost Per Unit) سے کیا مراد ہے؟

(b) ذیل کے تفصیلات سے مدد سے ہالسے منصوبہ (Hasley Plan) کے تحت مزدور کی اجرت محسوب کیجیے۔

| | |
|---|---|
| کام کا معیاری وقت | = 50 گھنٹے |
| اجرت فی گھنٹہ | = 5 روپے |
| کام کی تکمیل کا حقیقی وقت | = 42 گھنٹے |
| بونس | = وقت کی بچت 50% |

(c) مزدوروں کی کارکردگی پر اثر انداز عوامل کی نشاندہی کیجیے۔

(d) FIFO طریقہ کار کی وضاحت کیجیے۔

(e) لاگتوں پر کنٹرول کے فوائد کی نشاندہی کیجیے۔

(f) تختہ لاگت (Cost Sheet) مختلف مراحل کو بیان کیجیے۔

(g) ذخیرہ کے مختلف اقسام کی وضاحت کیجیے۔

(h) روون پلان کی وضاحت کیجیے۔

(i) اجرت کی تعین پر اثر انداز عوامل کو بیان کیجیے۔

(j) نااتفاقی (Varience) کے اسباب کو بیان کیجیے۔

## حصہ ب

تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہ ہوں۔ — 5 x 10 = 50

.2 (a) لاگت کھاتوں (Cost Accounting) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے اس کے استعمالات کو بیان کیجیے۔

یا

(b) لاگت کھاتوں کی تعریف کرتے ہوئے مالیاتی کھاتوں (Financial Accounting) سے اس کا تقابل کیجیے۔

.3 (a) ذیل کے تفصیلات کی مدد سے تختہ لاگت (Cost Sheet) تیار کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابتدائی ذخیرہ (Opening Stock) | = 30,000 روپے | خریدی (Purchase) | = 1,70,000 روپے |
| خریدواپسی (Purchase Return) | = 10,000 روپے | اجرت (Wages) | = 35,000 روپے |
| اندرون بار برداری | = 8,500 روپے | فیکٹری کے اخراجات | = 8,600 روپے |
| پانی، بجلی، ایندھن | = 6,000 روپے | مشاہرے | = 12,500 روپے |
| آفس کے خرچے | = 2,300 روپے | سفری مصارف | = 2,800 روپے |
| تشہیر | = 3,300 روپے | بیرونی بار برداری | = 5,600 روپے |
| کرایہ دفتر | = 12,300 روپے | | |

یا

(b) لاگت (Cost) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے مختلف اقسام کے لاگتوں کی تشریح کیجیے۔

.4 (a) ذیل کے تفصیلات کی مدد سے پہلے آئے پہلے جائے (First in First Out) طریقہ پر اسٹور لیجر تیار کیجیے۔

| | Issued اجرائی | | Recieved حاصل | |
|---|---|---|---|---|
| Date | Quantity Units | Price P.U | Data | Quantity Units |
| January 4 | 300 اکائیاں | 21.00 | January 1 | 500 اکائیاں |
| 7 | 500 | 22.00 | 2 | 300 |
| 11 | 300 | 21.00 | 3 | 200 |
| 19 | 200 | 24.00 | 5 | 600 |
| 20 | 100 | 23.00 | 6 | 300 |
| 26 | 300 | 22.00 | 8 | 500 |
| | | 24.00 | 10 | 300 |
| | | 25.00 | 18 | 500 |
| | | 24.00 | 25 | 200 |
| | | 25.00 | 27 | 300 |

یا

(b) ذخیرہ کنٹرول کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے ذخیرہ کنٹرول کے مختلف تکنیک کی وضاحت کیجیے۔

.5 (a) ذیل کی تفصیلات کی مدد سے ٹیلرس تفرقی پارچہ شرح (Taylors Differential Piece Rate System) پر مزدوروں کی اجرت محسوب کیجیے۔

پیداوار کا معیاری وقت (Standard Time) = ایک گھنٹے میں 2 اکائیاں

ایک دن میں کام کے گھنٹے = 8 گھنٹے

فی گھنٹہ مزدور (Wage Per Hour) = 120 روپے فی گھنٹہ

ایک دن کام کے 8 گھنٹوں میں مزدور A ' 18 اکائیاں' مزدور B 8 اکائیاں اور مزدور C 16 اکائیاں تیار کرتا ہے۔

تفرقی پارچہ شرح: (1) معیار سے کم پیداوار میں پر پارچہ شرح اجرت = 80%' 80% of Piece rate below standard

(2) معیار سے اونچی پیداوار میں پر پارچہ شرح اجرت = 120%' 120% of Piece rate above standard

یا

(b) مزدوروں کی تبدیلی (Labour Turn Over) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے مزدوروں کی تبدیلی کے اسباب اور اس کے اثرات کی تشریح کیجیے۔

.6 (a) بالائی اخراجات (Overhead Expenses) کے مفہوم کو بیان کرتے ہوئے بالائی اخراجات کے بٹوارہ کی بنیادوں کی وضاحت کیجیے۔

یا

(b) ذیل میں دیے گئے تفصیلات کی مدد سے بالائی اخراجات کے بٹوارہ (Overhead Distribution Summary) کو بتلائیے۔

| | پیداواری شعبہ | | | خدمات کا شعبہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | M | N | 0 | X | Y |
| Floor Space (Sq Ft) | 4,000 | 5,000 | 6,000 | 400 | 100 |
| Light Point | 20 | 30 | 40 | 20 | 10 |
| Direct Wages | 3,000 | 2,000 | 3,000 | 1,500 | 500 |
| HP. of Machine | 60 | 30 | 50 | 10 | ...... |
| Value of Machinery | 60,000 | 80,000 | 1,00,000 | 5,000 | 5,000 |

کرایہ Rent = 10,000

General Lighting = 1,200

Indirect Wages = 3,000

مشنری پر فرسودگی = 20,000 روپے

Power = 30,000 روپے

Sundry Expenses = 20,000 روپے

مندرجہ بالا اخراجات کا بٹوارہ کیجیے۔

☆☆☆